URDU

## نیویارک شہر محکمۂ تعلیم

## نیشنل اسکول فوڈ پروگرامز

عزیزی والدین یا سرپرست: تعلیمی سال 2012 -2011

بچوں کو سیکھنے کے لیے صحت بخش کھانوں کی ضرورت ہے- دفتر برائے اسکول فوڈ ہر اسکولی دن صحت بخش کھانے فراہم کرتا ہے- ناشتہ تمام طلبا کے لیے مفت ہے، لنچ کی قیمت $1.50 ہے- ان گھرانوں کے بچے جو کہ وفاقی آمدنی کے رہنمائی خطوط (پشت پر) پر پورے اترتے ہیں وہ مفت کھانوں یا رعایتی قیمت پر کھانوں کے اہل ہیں- کم قیمت کھانے کی لاگت ہر اہل طالبِ علم کے لیے $.25 ہے- مفت یا کم قیمت کھانے کے لیے درخواست دینے کے واسطے، ایک **SNAP - اضافی غذائیتی امداد کا پروگرام (فوڈ اسٹیمپ) خط جمع کروائیں، یا آن لائن www.ApplyForLunch.com یا www.nyc.gov/accessnyc پر، یا منسلکہ درخواست ایک ہی اسکول میں جانے والے اپنے سب بچوں کے لیے مکمل کریں،** دستخط کریں اور اپنے بچے کے اسکول کو جتنی جلد ممکن ہو واپس کردیں- براہِ مہربانی درخواست مکمل کرتے وقت اس خط میں موجود رہنمائی خطوط سے رجوع کریں- ہم کسی نامکمل درخواست کو منظور نہیں کرسکتے، اسلئے تمام مطلوبہ معلومات کو پر کرنا یقینی بنائیں-

**ذیل کی معلومات آپکی مدد کرے گی:**

1. **کیا مجھے ہر بچے کے لیے ایک درخواست بھرنے کی ضرورت ہے؟** جی ہاں اگر آپکے بچے مختلف اسکولوں میں جاتے ہیں- تاہم، ایک ہی اسکول میں داخل تمام بچوں کے لیے ایک ہی درخواست مکمل کریں-
2. **مفت کھانے کس کو مل سکتے ہیں؟** ان گھرانوں کے بچے جو SNAP (فوڈ اسٹیمپ) یا TANF حاصل کررہے ہیں اور زیادہ تر لے پالک بچے آپکی آمدنی سے قطٔ نظر مفت کھانے حاصل کرسکتے ہیں- اسکے علاوہ، آپکے بچوں کو مفت کھانے مل سکتے ہیں اگر آپکے گھرانے کی آمدنی وفاقی آمدنی کے رہنمائی خطوط پر مفت حدود کے اندر ہے-
3. **کیا بے گھر، بھاگے ہوئے اور نقل وطن بچوں کو مفت کھانے مل سکتے ہیں؟** براہِ مہربانی یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپکا بچہ / بچے اہل ہیں، اپنے اسکول یا عارضی رہائش گاہ میں طلبا کے رابطہ کار سے رابطہ کریں، اگر آپکو یہ مطلع نہیں کیا گیا ہے کہ انکو مفت کھانا فراہم کیا جائے گا-
4. **کم قیمت کھانے کس کو مل سکتے ہیں؟** آپکے بچے / بچوں کو کم قیمت کھانے مل سکتے ہیں اگر اس درخواست پر دکھائی گئی آپکے گھرانے کی آمدنی وفاقی آمدنی کے چارٹ پر کم قیمت حدود کے اندر آتی ہے-
5. **کیا مجھے درخواست بھرنے کی ضرورت ہے اگر اس اسکولی سال مجھے ایک خط موصول ہوا ہو کہ میرے بچے مفت یا کم قیمت کھانے کے لیے اہل قرار دیے گئے ہیں؟** براہ مہربانی موصول کردہ خط کو غور سے پڑھیں اور اس میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں- اگر آپکے کوئی سوالات ہوں تو اپنے بچے / بچوں کے اسکول کو فون کریں-
6. **مجھے W.I.C. ملتا ہے- کیا میرے بچے / بچوں کو مفت کھانے مل سکتے ہیں؟** ان گھرانوں کے بچے جو W.I.C. پروگرامز میں حصہ لیتے ہیں وہ مفت یا رعایتی قیمت پر کھانے کے اہل ہیں- براہِ مہربانی ایک درخواست مکمل کریں-
7. **کیا میری دی گئی معلومات کی چھان بین کی جائی گی؟** اسکول اسکولی سال کے دوران کسی وقت بھی آپ سے آپکی اہلیت کی تصدیق کے لیے پوچھ سکتا ہے- اپکو تحریری طور پر مطلع کیا جائے گا اگر آپکو تصدیق کے لیے منتخب کیا جاتا ہے- اسکول کے اہلکار آپ سے ایسی معاونتی دستاویز بھیجنے کے لیے کہہ سکتے ہیں جو یہ دکھائیں کہ آپکے بچے / بچوں کو مفت یا کم قیمت کھانے ملنے چاہییں-
8. **اگر میں اس وقت اہل نہیں ہوں تو کیا میں بعد میں درخواست دے سکتا ہوں؟** جی ہاں اگر اسکولی سال کے دوران کسی وقت بھی دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں اگر آپکے گھرانے میں اضافہ ہوتا ہے، آمدنی کم ہوتی ہے، یا آپ SNAP ( فوڈ اسٹیمپ)، TANF یا دیگر مفادات موصول کرنے لگتے ہیں- اگر آپکی ملازمت ختم ہوجائے، آپکا بچہ / بچے مفت یا کم قیمت کھانے کے اہل ہوسکتے ہیں-
9. **اگر میں اپنی درخواست کے بارے میں اسکول کے فیصلے سے متفق نہ ہوں تو کیا ہوگا؟** آپکو اپنے اسکول اہلکاران سے پہلے بات کرنی چاہیے- اگر آپ انکے جواب سے مطمئین نہ ہوں تو آپ Chief Executive, Office of School Support Services, 44-36 Vernon Blvd., Long Island City, New York 11101, (718) 707-4300 کو فون کرکے یا لکھ کر ایک سماعت کی گزارش کرسکتے ہیں-
10. **اگر میرے گھر میں کوئی ریاستہائے متحدہ کا شہری نہیں ہے کیا میں پھر بھی درخواست دے سکتا ہوں؟** جی ہاں آپ اور آپکے بچے / بچوں کا مفت یا کم قیمت کھانے کا اہل ہونے کے لیے ریاستہائے متحدہ کا شہری ہونا ضروری نہیں ہے-
11. **مجھے اپنے گھرانے کے ممبران میں کس کو شامل کرنا چاہیئے؟** آپکو اپنے گھر میں رہنے والے تمام افراد کو حصہ 4 میں شامل کرنا چاہیئے، رشتہ دار یا غیررشتہ دار (جیسے جدی والدین، دیگر رشتہ دار، یا دوست)- آپکو اپنے آپ کو اور ساتھ رہنے والے تمام بچوں کو شامل کرنا چاہیئے-
12. **اگر میری آمدنی ہر وقت ایک جیسی نہ ہو تو کیا ہوگا؟** وہ رقم درج کریں جو آپ عام طور پر موصول کرتے ہیں- مثلاً، اگر آپکو ہر مہینے $1000 ملتے ہیں، لیکن پچھلے مہینے آپ نے کچھ عرصہ کام نہیں کیا اور صرف $900 موصول کیے، آپ درج کریں گے کہ ہر ماہ آپکو $1000 ملتے ہیں- اگر آپکو عموماً اوور ٹائم ملتا ہے تو شامل کریں لیکن اگر صرف کھبی کبھار تو اسے شامل نہ کریں-

اسکولی ضلع آپ سے اسکولی سال کے دوران کسی وقت بھی درخواست میں درج کردہ معلومات کی تصدیق کے لیے کہہ سکتا ہے- اگر آپ یہ معلومات مہیا نہیں کریں گے تو آپکے بچے کو مفت یا کم قیمت کھانا موصول کرتے رہنے کی اجازت نہیں ہوگی- اسکول اہلکار درخواست پر دی گئی معلومات کو یہ تعین کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں کہ آیا آپکے بچے کو مفت یا کم قیمت پر کھانے ملنے چاہییں- مفت اور کم قیمت کے اعدادو شمار کو زمرہ I اور تعلیمی پیش رفت کی قومی تشخیص کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے اور اسے دیگر قومی اسکول لنچ پروگرام کی مجاز ایجنسیوں کے ساتھ بانٹا جاسکتا ہے-

وفاقی ضوابط کا تقاضہ ہے کہ اسکول اور ادارے ان بچوں کو کھانے بغیر کسی اضافی لاگت کے فراہم کریں جنکی معذوری انکی غذا کو اس طرح سے محدود کرے کہ وہ فوڈ سروس پروگرام میں پوری طرح سے حصہ نہیں لے سکتے جب تک کہ مقررہ مینیو میں پیش کیے جانے والے کھانوں میں کچھ ردوبدل نہ کیا جائے- آپکو اسکول سے مخصوص کھانوں کی گزارش کرنا اور اسکول کو ایک میڈیکل ڈاکٹر کی جانب سے ایک میڈیکل سرٹیفیکیشن فراہم کرنا لازمی ہے- اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپکے بچے کو کسی معذوری کے باعث کھانے میں ردوبدل کی ضرورت ہے تو چیف ایکزیکٹؤ، دفتر برائے اسکول معاونتی خدمات سے رابطہ کریں کیونکہ میڈیکل سرٹیفیکیشن میں مخصوص معلومات کا شامل ہونا لازمی ہے-

اگر آپکے کوئی سوالات ہیں یا درخواست مکمل کرنے میں مدد کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل سے مدد کے لیے رابطہ کریں-

تہہ دل سے،

دفتر برائے اسکول فوڈ


# آپ مفت یا کم قیمت کھانے کے اہل ہوسکتے ہیں!

**www.ApplyForLunch.com**

**یا**


**www.nyc.gov/accessnyc**

## وقت پر درخواست دیں



## دیر نہ کریں! آج ہی درخواست دیں!

- اگر آپ مفت کھانے کے اہل ہوتے ہیں تو آپ ہر سال $250 تک بچا سکتے ہیں- اگر آپ دیر کریں گے تو آپکو قیمت ادا کرنی ہوگی-
- آپکے بچے کے اسکول کو کتابیں، سامان، اسکول بعد پروگرام وغیرہ کے لیے وفاقی اور ریاستی سرمایہ حاصل کرنے کے لیے اس معلومات کی ضرورت ہے
- آن لائن درخواست دیں! آن لائن درخواستوں پر 24 گھنٹوں کے اندر کارروائی کی جاتی ہے! ذیل پر جائیں
  www.ApplyForLunch.com
  یا www.nyc.gov/accessnyc
- کاغذی درخواست مکمل کریں اور اسے فوراً اپنے بچے کے اسکول کو واپس کردیں
- مدد درکار ہے یا سوالات ہیں؟
  اسکول فوڈ ہیلپ ڈیسک سے رابطہ کریں- فون کریں (877) 363-6325 یا ای - میل کریں
  foodcompliance@schools.nyc.gov
- مزید معلومات کے لیے اسکول فوڈ کی ویب سائٹ پر جائیں
  https://schools.nyc.gov/schoolfood




## آپ کاغذی درخواست بھی مکمل کرسکتے ہیں!

- گھرانے میں رہنے والے اور **ایک ہی اسکول میں جانے والے تمام** بچوں کے لیے **ایک** فارم کو استعمال کرتے ہوئے درخواست دیں-
- اگر آپ SNAP (فوڈ اسٹیمپ) یا TANF مدد حاصل کررہے ہیں تو وہ خط جمع کروائیں جو آپکو ایجنسی کی جانب سے ملا ہے **یا** صرف **حصہ** 2 میں اپنا کیس نمبر درج کریں- درخواست پر دستخط کریں اور تاریخ ڈالیں اور اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروادیں-

**یا**

- حصہ 3 میں اپنے گھرانے میں رہنے والے ہر فرد کو درج کریں، تمام آمدنی جو وہ موصول کرتے ہیں اور کتنے تواتر سے- **اپنے SSN کے صرف آخری 4 ہندسے درج کریں-**
- درخواست پر دستخط کریں اور تاریخ ڈالیں اور اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروادیں-




آن لائن درخواست مکمل کرنے کے لیے ذیل پر جائیں

www.ApplyForLunch.com

یا

www.nyc.gov/accessnyc

- گھر یا لائبریری میں کوئی بھی کمپیوٹر استعمال کریں یا اپنا اسمارٹ فون استعمال کریں جس میں انٹرنیٹ رابطہ ہے-
- گھرانے میں بیک وقت میں رہنے والے **تمام** بچوں کے لیے درخواست دیں **خواہ وہ مختلف اسکولوں میں جاتے ہوں**
- ایک یوزر نیم اور پاس ورڈ بنائیں
- اپنا SNAP (فوڈ اسٹیمپ) یا TANF کیس نمبر درج کریں؛ **یا**
- اپنے گھرانے کی کل آمدنی، کنبے کا سائز اور **اپنے** **SSN** **کے آخری 4 ہندسے** درج کریں-
- درخواست پر الیکٹرانیکلی دستخط کریں، **"جمع کروائیں" (SUBMIT)** پر کلک کریں اور فوراً ہی تصدیق حاصل کریں!

تمام درج کردہ معلومات کو بصیغۂ راز رکھا جاتا ہے- وفاقی ضوابط محکمۂ تعلیم کو آپکی معلومات کسی دوسری ایجنسی کے ساتھ بانٹنے کی اجازت نہیں دیتے

# براہِ مہربانی ہدایات غور سے پڑھیں اور تمام مطلوبہ حصوں کو مکمل کریں

**آن لائن درخواست دیں: www.ApplyForLunch.com یا www.nyc.gov/accessnyc**

مدد درکار ہے یا درخواست کے بارے میں سوالات ہیں تو دفتر برائے اسکول فوڈ کے ہیلپ ڈیسک سے رابطہ کریں

**فون کریں: 6325-363 (877) • ای - میل: foodcompliance@schools.nyc.gov**

1. آپکو **کاغذی درخواست انگریزی** میں اور صرف **کالی سیاہی** سے مکمل کرنی لازمی ہے-..
2. ایک ہی اسکول میں جانے والے گھرانے کے تمام بچوں کے لیے **صرف ایک** درخواست مکمل کریں-
3. اگر آپکو نیویارک شہر محکمہ تعلیم، نیویارک ریاست دفتر برائے عارضی اور معذوری میں مدد (OTADA) یا نیویارک شہر SNAP (فوڈ اسٹیمپ) دفتر کی جانب سے ایک خط ملا ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ آپکا بچہ مفت کھانوں کا اہل ہے تو آپکو یہ درخواست مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے- آپکو وہ خط فوراً اپنے بچے کے اسکول کو بھیج دینا چاہیئے-
4. اگر آپ نے اس حصے میں "**میں مفت یا کم قیمت کھانے کا اہل نہیں ہوں**" میں "**X**" لکھا ہے، تو آپکو **حصہ 3** میں اپنے بچے کا نام درج کرنا لازمی ہے- **حصہ 5** پر جائیں اور درخواست پر دستخط کریں اور تاریخ ڈالیں اور اسے فوراً اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروادیں-
5. اب آپ گھرانے میں رہنے والے تمام لے پالک بچوں کو ایک ہی درخواست میں شامل کرسکتے ہیں جو ایک ہی اسکول میں جارہے ہوں-

## حصہ 1: اس حصہ کو مکمل کریں اگر آپ مفت یا کم قیمت کھانے کے اہل نہیں ہیں-

بہت سے گھرانے مفت یا کم قیمت کھانے کے اہل قرار نہیں پاتے اگر وہ ایک دی گئی آمدنی سے زیادہ کماتے ہوں- اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپکا گھرانہ اہل نہیں ہے تو ذیل انجام دیں:

1. اس خانے میں "**میں مفت یا کم قیمت کھانے کا اہل نہیں ہوں**" میں "**X**" لکھیں اگر آپکی آمدنی آپکو مفت یا کم قیمت کھانے کا اہل قرار نہیں دیتی ہے-
2. اس اسکول میں داخل ہر بچے کے لیے انکا مکمل قانونی نام بشمول **پہلا نام، درمیانہ حرف اور آخری نام** درج کریں- (**تاریخ پیدائش، صنفِ جنس، گریڈ اور طالب علم کا شناختی (OSIS) نمبر اختیاری ہے**)- فارم پر دستخط کریں اور تاریخ درج کرنے کے لیے **حصہ 5** پر جائیں- درخواست فوراً اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروادیں-

## حصہ 2: اس حصہ کو مکمل کریں اگر آپکا گھرانہ **SNAP** (فوڈ اسٹیمپ) یا **TANF** مفادات موصول کررہا ہے-

1. نیویارک شہر دفتر برائے عارضی اور معذوری اعانت (OTADA) یا کسی بھی نیویارک شہر فوڈ اسٹیمپس / SNAP (سپلیمنٹل نوٹریشن اسسٹنس پروگرام) دفتر سے ہر بچے کے نام ملنے والا خط اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروائیں؛ **یا**
2. اس حصہ میں فراہم کیے جانے والے خانے میں فوڈ اسٹیمپس (SNAP) یا TANF کیس نمبر لکھیں- - کیس نمبر آپ کو مفادات کے خط پر ملے گا اپنا کارڈ نمبر یا ملنے والی آمدنی درج نہ کریں-
3. **حصہ 4 کو چھوڑ دیں،** پھر **حصہ 5** میں درخواست پر دستخط کریں اور تاریخ ڈالیں- درخواست فوراً اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروادیں-

## حصہ 3: ان ہدایات پر عمل کریں اگر آپکے گھرانے میں بچہ (بچے) [بشمول لے پالک بچہ (بچے)] ہیں جو ایک ہی اسکول میں جارہے ہیں-

1. اس اسکول میں داخل ہر بچے کے لیے انکا مکمل قانونی نام بشمول **پہلا نام، درمیانہ حرف اور آخری نام** درج کریں- (**تاریخِ پیدائش، صنفِ جنس، گریڈ اور طالب علم کا شناختی (OSIS) نمبر اختیاری ہے**)-
2. طالب علم کے نام کے آگے 'X' لکھیں اگر طالب علم ایک لے پالک بچہ ہے- فراہم کردہ خانے میں ملنے والی ذاتی آمدنی درج کریں- (ذاتی آمدنی ویلفئر آفس کی جانب سے ملنے والی رقم ہے جسکی نشاندہی بطور ذاتی استعمال کے کی جاتی ہے، جیسے الاؤنس، اور دیگر تمام رقوم جو بچے کو ملتی ہے جیسے اسکے خاندان کی جانب سے ملنے والی رقم، یا بچے کی ملازمت سے ملنے والی رقم- اگر بچے کو کوئی ذاتی آمدنی موصول نہیں ہورہی تو "**0**" لکھیں-
3. **حصہ 3** مکمل کرنے کے بعد **حصہ 4** پر جائیں اور اپنے گھرانے کے دیگر ممبران اور انکی آمدنی درج کریں-
4. **مختلف اسکولوں** میں جانے والے بچوں کے لیے ایک **علحیدہ درخواست** مکمل کریں-

## حصہ 4: اگر آپ **SNAP** (فوڈ اسٹیمپس ) یا **TANF** مفادات موصول نہیں کررہے ہیں تو ان ہدایات پر عمل کریں:

1. گھرانے میں رہنے والے ہر فرد کا پہلا اور آخری نام لکھیں بشمول دوسرے اسکولوں میں جانے والے بچوں کے- **حصہ 3** میں درج کردہ نام نہ لکھیں- مزید نام لکھنے کے لیے دوسری درخواست کا استعمال کریں اور دونوں درخواستیں جمع کروائیں-
2. اس حصہ میں درج کیے جانے والے ہر فرد کے لیے کٹوتی سے قبل موجودہ آمدنی لکھیں (ملازمت، بچوں کی کفالت، نان نفقہ، پینشن، S.S.I. وغیرہ). آپ کے لیے ان حروف کو استعمال کرتے ہوئے یہ بتانا لازمی ہے کہ آمدنی کتنے تواتر سے ہے W = ہفتہ وار؛B = ہر دو ہفتہ بعد؛ M = ماہانہ؛ T = مہینہ میں دو بار؛ یا Y =سالانہ- مثالیں: **$100.29/W, $100.29/B; 1029.50/T; $1290.75/M; 12900.59/Y.** اگر آپ یہ نہیں لکھیں گے کہ کتنے تواتر سے تو اس پر ہفتہ وار کے بطور کارروائی کی جائے گی-
3. اپنے سوشل سکیورٹی نمبر کے آخری 4 ہندسے لکھیں پھر **حصہ 5** میں درخواست پر دستخط کریں اور تاریخ ڈالیں. درخواست فوراً اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروادیں-

## حصہ 5: بالغ فردِ خانہ کے دستخط اور سوشل سیکورٹی نمبر کو مکمل کرنے کے لیے ان ہدایات پر عمل کریں:

1. اس سے پہلے کہ درخواست کو منظور کیا جائے، ایک بالغ فردِ خانہ 21 سال یا زائد عمر کے لیے درخواست پر دستخط کرنا لازمی ہے-
2. اگر **حصہ 4** مکمل کیا گیا ہے، وہ بالغ فرد جو اس درخواست کو مکمل کررہا ہے اسکے لیے اپنے سوشل سکیورٹی نمبر کے آخری 4 ہندسے فراہم کرنا لازمی ہے **یا صرف اس صورت** میں کہ گھرانے کے بالغ فرد کے پاس سوشل سکیورٹی **نمبر نہیں ہے** خانے میں 'X' لکھیں-
3. اپنا موجودہ پتہ، فون نمبر اور کوئی سوالات ہونے کی صورت میں آپ کو فون کرنے کا بہترین وقت تحریر کریں- درخواست مکمل کیے جانے کی تاریخ درج کریں اور درخواست فوراً اپنے بچے کے اسکول میں جمع کروادیں-

